NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FEDERAL EDUCATION, PROFESSIONAL TRAINING, NATIONAL HERITAGE AND CULTURE ON THE RIGHT TO FREE AND COMPULSORY EDUCATION (AMENDMENT) BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture have the honor to present this report on the Bill to amend the Right to Free and Compulsory Education Act, 2012 (Act XXIV of 2012) [The Right to Free and Compulsory Education (Amendment) Bill, 2021] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 14th July, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

1.	**Mian Najeeb Ud Din Awaisi**	**Chairman**
2.	Mr. Ali Nawaz Awan	Member
3.	Mr. Sadaqat Ali Khan	Member
4.	Ms. Javairia Zafar Aheer	Member
5.	Mr. Umar Aslam Khan	Member
6.	Mr. Muhammad Farooq Azam Malik	Member
7.	Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak	Member
8.	Ms. Andleeb Abbas	Member
9.	Ms. Ghazala Saifi	Member
10.	Ms. Asma Qadeer	Member
11.	Ms. Tashfeen Safdar	Member
12.	Mrs. Farukh Khan	Member
13.	Ms. Mehnaz Akber Aziz	Member
14.	Ch. Muhammad Hamid Hameed	Member
15.	Ms. Kiran Imran Dar	Member
16.	Ms. Musarrat Asif Khawaja	Member
17.	Mr. Abid Hussain Bhayo	Member
18.	Ms. Mussarat Rafiq Mahesar	Member
19.	Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro	Member
20.	Mr. Asmatullah	Member
21.	Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annexure-'A'**, in its meeting held on 11-01-2021 and recommends that the Bill may not be passed by the National Assembly.

Sd/-
(MIAN NAJEEB UD DIN AWAISI)
Chairman

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 5th March, 2021

ANNEX-A

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

to amend the Right to Free and Compulsory Education Act, 2012

Whereas it is expedient to amend the Right to Free and Compulsory Education Act, 2012 (XXIV of 2012), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act may be called the Right to Free and Compulsory Education (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 10, Act XXIV of 2012.**- In the Right to Free and Compulsory Education Act, 2012 (XXIV of 2012), hereinafter referred to as the said Act, in section 10, in clause (b), in the Proviso, for the full stop at the end a colon shall be substituted and thereafter the following new proviso shall be added, namely:-

"Provided further that every school established under sub-clause (ii) and (iii) of clause (k) of section 2, shall submit annual report to the Government of all admissions in the school and name of the disadvantaged children admit in the school on the prescribed quota under clause (b).

3. **Amendment of section 13, Act XXIV of 2012.**- In the said Act, for section 13, the following shall be substituted, namely:-

"13. Admission, expulsion and corporal punishment.- (1) Subject to such exceptions as may be prescribed, a school shall admit children at the commencement of every academic year.

(2) Subject to the provisions of sections 3 and 5, a school shall not transfer or expel a child admitted in the school till the completion of the prescribed education until:

(a) arrangement is made for transfer of the child to any other school in the prescribed manner;

(b) the child has been assessed in two consecutive annual examinations as being below the educational standard of the school;,

(c) a reasoned judgment has been passed by the disciplinary committee of the school that further retention of the child in such school shall be detrimental to the discipline of the school; or

(d) the child or parent fails to fulfill any prescribed condition including non payment of fee of a private school.

(3) If a child is expelled from a school under sub-section (2), the incharge of the school shall immediately inform the local government and to such officer as the Government may authorize to receive such communication.

(4) The teacher or incharge of a school shall ensure that a child studying in the school is not subjected to corporal punishment or harassment.

(5) A person who contravenes any provision of this section shall be guilty of gross misconduct and shall be liable to disciplinary action under the law or contract of service of such person.".

4. **Amendment of section 15, Act XXIV of 2012.-**Inthe said Act, in section 5, after sub-section (4), the following new sub-sections shall be added, namely:-

"(5) class size of every school is forty to fifty children per teacher, however, class size may be increased to sixty to seventy pupils per teacher if there is a teacher aide.

Classroom size and land of the school should be appropriate as per requirements of necessary equipment.

(6) Furniture such as tables, chairs, shelves lockers and cabinets should be proportionate to children's sizes. Playground apparatus must be installed in the school ground such as jungle gym, sandbox, slide, balance beams and simple obstacles.

(7) Health facilities such as toilet, safe drinking and washing facilities must be adequate and suitable to children's height, size and other special needs. First aid kits must be available. A rest area may be provided for the children. The area should be free from hazards and proper and adequate lighting and ventilation should be provided.

(8) The classroom should have activity areas for the personal care and grooming, house and garden care, communication skills, sensory-perceptual and numeracy skills corner and creative development corner etc.

(9) Space for playground must be provided, otherwise, easy and safe access to the nearest part or open space not more than 200 meters walking distance from the school site may be presented as an alternative. This arrangement must be approved in writing by the authorized representative of the park or open space.

(10) The school site must be used for educational purposes only. It must not serve as the residence of the owner. It should not also be a convertible school," that is during the day it is used as a school and after class hours converted into a residence or used for commercial purposes.".

5. **Amendment of section 17, Act XXIV of 2012.-** In the said Act, in section 17, in sub section (2), for the full stop at the end a colon shall be substituted and thereafter the following new proviso shall be added, namely:-

"Provided further that teachers shall participate in the refresher courses designed by the authority so that the teachers keep abreast with the latest in their field and what new teaching methodology do they need to incorporate for the betterment of students. The courses will be subject-specific and will be updated every year.".

6. **Insertion of new section 25A, Act XXIV of 2012.-** In the said Act, after section 25, the following new section 25A, shall be inserted, namely:-

"25A. Residuary penalty and liability of corporations.- (1) Unless otherwise provided, if any responsible person contravenes the Act or any order made under this Act, he shall be punished with imprisonment for a term which may extend to six months or with fine which may extend to two hundred thousand rupees or with both.

(2) If the person contravening an order made under this Act or any penal provision of the Act is a Company or other body corporate, every director, manager, secretary or other officer or agent thereof

shall, unless he proves that the contravention took place without his knowledge or that he exercised all due diligence to prevent such contravention, be deemed to be guilty of such contravention.

7. **Amendment of section 26, Act XXIV of 2012.**- In the said Act, after section 26, the following new section 26A shall be inserted, namely:-

"26A. Summary trial—(1) Notwithstanding anything contained in the Code of Criminal Procedure 1898 (Act V of 1898) but subject to sub-section (3), the Court shall summarily try an offence punishable under this Act on the basis of a complaint submitted by the authorize officer of the prescribed authority and may impose punishment of imprisonment for a term not exceeding six months or fine not exceeding two hundred thousand rupees.

(2) The Court shall conduct the summary trial of an offence under the Act in accordance with the provisions of Chapter XXII of the Code of Criminal Procedure 1898 (Act V of 1898) relating to the summary trials.

(3) If the Court is of opinion that the nature of the offence does justify summary trial, it may conduct proceedings in accordance with the provisions of Chapter XX of the Code of Criminal Procedure 1898 (Act V of 1898).".

STATEMENTS OF OBJECTIONS AND REASONS

It is the responsibility of the Government to ensure the implementation of a laws in the state. Education has a key role in the development of a nation. The Right to Free and Compulsory Education Act, 2012 is toothless legislation and required to insert penal clauses to implement Article 25A of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan. Schools especially private schools are not implementing the ten percent quota of the poor children in letter and spirit. Furthermore, the progress of a country depends on quality education. Quality education can only be achieved through basic facilities like curriculum and extra curriculum activities, school buildings, electricity, laboratories and drinking water for education. Basic facilities missing in the existing schools may be provided on a fast track so that all schools and buildings are fully functional. The proposed legislation will bring a change in quality education and helps the Government to implement the vision of free and compulsory education in the Islamabad Capital Territory.

Sd/-
Mr. James Iqbal,
Member, National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

بلا معاوضہ ولازمی تعلیم کا حق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت ۱۴ر جولائی، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ بلا معاوضہ ولازمی تعلیم کا حق ایکٹ، ۲۰۱۲ء (ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء) میں ترمیم کرنے کے بل [بلا معاوضہ ولازمی تعلیم کا حق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	میاں نجیب الدین اویسی	چیئرمین
۲۔	جناب علی نواز اعوان	رکن
۳۔	جناب صداقت علی خان	رکن
۴۔	محترمہ جویریہ ظفر آھیر	رکن
۵۔	جناب عمر اسلم خان	رکن
۶۔	جناب محمد فاروق اعظم ملک	رکن
۷۔	محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک	رکن
۸۔	محترمہ عندلیب عباس	رکن
۹۔	محترمہ غزالہ سیفی	رکن
۱۰۔	محترمہ اسماء قدیر	رکن
۱۱۔	محترمہ تاشفین صفدر	رکن
۱۲۔	بیگم فرخ خان	رکن
۱۳۔	محترمہ مہناز اکبر عزیز	رکن
۱۴۔	چوہدری محمد حامد حمید	رکن
۱۵۔	محترمہ کرن عمران ڈار	رکن
۱۶۔	محترمہ مسرت آصف خواجہ	رکن
۱۷۔	جناب عابد حسین بھائیو	رکن
۱۸۔	محترمہ مسرت رفیق مہیسر	رکن
۱۹۔	ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو	رکن
۲۰۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۲۱۔	جناب شفقت محمود، وزیر برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت	رکن بالحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۱۱ر جنوری، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔
(میاں نجیب الدین اویسی)
چیئرمین

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد، ۵ر مارچ، ۲۰۲۱ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

بلامعاوضہ ولازمی تعلیم کا حق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے بلامعاوضہ ولازمی تعلیم کا حق ایکٹ، ۲۰۱۲ء (ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا بلامعاوضہ ولازمی تعلیم کا حق (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء، دفعہ ۱۰ کی ترمیم:** بلامعاوضہ و لازمی تعلیم کا حق ایکٹ، ۲۰۱۲ء (نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء) جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، دفعہ ۱۰ میں، شق (ب) میں جملہ شرطیہ میں، آخر میں وقف کامل کو وقف توضیحی سے بدل دیا جائے گا اور بعد ازیں حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مزید شرط یہ ہے کہ دفعہ ۲ کی شق (ک) کی ذیلی دفعہ (ii) اور (iii) کے تحت قائم شدہ ہر سکول، سکول میں تمام داخلوں اور شق (ب) کے تحت مجوزہ کوٹا پر سکول میں داخل ضرر رساں بچوں کے ناموں کی سالانہ رپورٹ حکومت کو پیش کرے گا۔"

۳۔ **ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء، دفعہ ۱۳ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۳ میں، حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۳۔ **داخلہ، اخراج اور جسمانی سزا:۔** (۱) ایسی مجوزہ مستثنیات کے تابع جیسا کہ مقرر کی جائیں، کوئی سکول ہر تعلیمی سال کے آغاز پر بچوں کا داخلہ کرے گا۔

(۲) دفعات ۳ر اور ۵ر کی تصریحات کے تابع، کوئی سکول مجوزہ تعلیم کی تکمیل تک سکول میں داخل کسی بچے کا تبادلہ یا اخراج نہیں کرے گا یہاں تک کہ۔

(الف) اس بچہ کے کسی دیگر سکول میں تبادلہ کے لئے مجوزہ انداز میں انتظام کر لیا گیا ہو؛

(ب) اس بچہ کا دو متواتر سالانہ امتحانات میں یہ اندازہ لگایا گیا ہو کہ وہ سکول کے تعلیمی معیار سے کم رہا ہے؛

(ج) سکول کی انضباطی کمیٹی کی جانب سے ایک معقول فیصلہ کی منظوری دی گئی ہو کہ اس سکول میں بچہ کا مزید رہنا سکول کے نظم وضبط کے لئے نقصان دہ ہے؛ یا

(د) بچہ یا اس کے والدین کسی نجی سکول کی صورت میں اس کی فیس کی عدم ادائیگی بشمول کوئی مجوزہ شرط کو پورا کرنے میں ناکام ہوں۔

(۳) اگر کسی بچہ کو ذیلی دفعہ (۲) کے تحت اسکول سے خارج کیا جاتا ہے، تو اسکول کا انچارج فوری طور پر لوکل گورنمنٹ کو اور ایسے آفیسر کو جس کو حکومت مجاز کرے ایسی مراسلت سے مطلع کرے گا۔

(۴) سکول کا استاد یا انچارج یہ یقینی بنائے گا کہ اس سکول میں تعلیم حاصل کرنے والے بچے کو جسمانی سزا یا ہراساں نہیں کیا جاتا۔

(۵) کوئی شخص جو دفعہ ہذا کی کسی تصریح کی خلاف ورزی کرتا ہے تو وہ سنگین غلط روی کا مرتکب ہوگا اور ایسا شخص قانون کے تحت یا ملازمت کے معاہدہ کے تحت انضباطی کارروائی کا مستوجب ہوگا۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء، دفعہ ۱۵ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۴) کے بعد حسب ذیل نئی ذیلی دفعات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۵) ہر سکول کی کلاس کا حجم فی استاد چالیس یا پچاس بچے ہوگا تاہم کلاس کا حجم فی استاد ساٹھ سے ستر طالب علموں تک بڑھایا جا سکتا ہے اگر کا کوئی مددگار ہو۔

کلاس روم کا حجم اور سکول کی اراضی ضروری سازوسامان کی مقتضیات کے مطابق ہونا چاہیے۔

(۶) فرنیچر مثلاً میز، کرسیاں، شیلوز لاکرز اور خانے دار الماریاں بچوں کی جسامت کے متناسب ہونا چاہئیں۔ سکول گراؤنڈ میں پلے گراؤنڈ کا سازوسامان یعنی جنگل جم، سینڈ باکس، سلائیڈ، بیلنس بیمز اور آسان رکاوٹیں وغیرہ موجود ہونی چاہئیں۔

(۷) صحت سے متعلق سہولیات جیسا کہ بیت الخلاء، صاف پینے کا پانی اور دھلائی کی سہولیات بچوں کے قد، جسامت اور دیگر خصوصی ضروریات کے مطابق اور مناسبت سے ہونی چاہئیں۔ ابتدائی طبی امداد کا سامان دستیاب ہونا چاہیے۔ بچوں کے آرام کے لئے جگہ فراہم کی جانی چاہیے۔ یہ جگہ خطرہ سے خالی ہونی چاہیے اور روشنی اور ہوا کا مناسب انتظام ہونا چاہیے۔

(۸) کلاس روم کو ذاتی حفاظت اور دیکھ بھال وزیبائش خانہ اور باغیچہ کی دیکھ بھال کی سہولت، بات چیت کے آداب، حسیاتی فہم وادراک اور عددی علم میں مہارت پیدا کرنے کی جگہ اور تخلیقی ترقیاتی کاوشوں کے لئے جگہ وغیرہ کا حامل ہونا چاہیے۔

(۹) پلے گراؤنڈ کے لئے جگہ فراہم کی جانی چاہیے وگرنہ سکول کے مقام سے جو ۲۰۰ میٹر سے زائد پیدل چلنے کی مسافت سے زائد دور نہ ہو پر قریب ترین جگہ یا کھلی جگہ جہاں آسانی سے رسائی ہو سکتی ہو، متبادل کے طور پر فراہم کی جانی چاہیے۔ اس انتظام کی پارک یا اوپن سپیس کی مجاز نمائندہ کی جانب سے منظوری لی جانی چاہیے۔

(۱۰) سکول کی جگہ صرف تعلیمی مقاصد کے لئے استعمال کی جانی چاہیے۔ یہ مالک کی رہائش کے طور پر استعمال نہیں کی جانی چاہیے۔ یہ تبدل پذیر سکول بھی نہیں ہونا چاہیے، یعنی کہ دن کے دوران سکول کے طور پر استعمال ہو اور کلاس کے اوقات کے بعد رہائش یا تجارتی مقاصد کے لئے استعمال کر لیا جائے۔"۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء، دفعہ ۱۷ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۷ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں وقف کامل کو آخر میں وقف توضیحی سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نیا جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مزید شرط یہ ہے کہ اساتذہ ادارہ کی جانب سے وضع کردہ جدید خطوط پر استوار کرنے کے تربیتی نصابوں میں شرکت کریں گے تاکہ اساتذہ اپنے شعبہ میں جدید ترین معیارات کے ہم دوش رہیں اور جو بھی جدید تدریسی نظام ہو وہ طلباء کی بہتری کے لئے استعمال میں لا سکیں۔ ان کورسز میں نفس مضمون کی خاصیت کا حامل ہونا چاہیے اور ہر سال ان میں جدت لائی جائے گی۔"۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء، دفعہ ۲۵/الف کی شمولیت:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۵ کے بعد حسب ذیل نئی دفعہ ۲۵/الف شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۲۵/الف۔ زیر غور تعزیر اور کارپوریشنوں کی ذمہ داری:۔ (۱) جب تک کہ اس امر کے کوئی چیز متضاد نہ ہو، اگر کوئی ذمہ دار شخص ایکٹ یا ایکٹ ہذا کے تحت دیئے گئے کسی حکم کی خلاف ورزی کرتا تو ایسا شخص چھ ماہ تک کی سزائے قید یا دو لاکھ روپے تک کے جرمانہ یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہو گا۔

(۲) اگر ایکٹ ہذا کے تحت وضع کردہ کسی حکم یا ایکٹ ہذا کی کسی تعزیری تصریح کی خلاف ورزی کرنے والا شخص کمپنی یا دیگر کارپوریٹ ادارہ ہو تو ہر ڈائریکٹر، منیجر، سیکرٹری یا دیگر آفیسر یا اس کا ایجنٹ جب تک کہ وہ یہ ثابت نہ کر دے کہ وقوع پذیر خلاف ورزی اس کے علم میں نہ تھی یا اس نے ممکنہ حد تک اس خلاف ورزی کو روکنے کی کوشش کی ہے تو اسے ایسی خلاف ورزی کا قصوروار سمجھا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ نمبر ۲۴ بابت ۲۰۱۲ء، دفعہ ۲۶ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۶ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعہ ۲۶/الف شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"۲۶/الف۔ اجمالی سماعت مقدمہ:۔ (۱) مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں شامل کسی امر کے باوجود لیکن ذیلی دفعہ (۳) کے تابع، عدالت مجوزہ اتھارٹی کے مجاز آفیسر کی جانب سے دائرہ کردہ شکایت کی بناء پر ایکٹ ہذا کے تحت کسی قابل سزا جرم کی اجمالی سماعت کرے گی نیز عدالت زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کی سزائے قید یا زیادہ سے زیادہ دو لاکھ روپے تک جرمانہ کی سزا عائد کر سکتی ہے۔

(۲) عدالت، اجمالی سماعت سے متعلق مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) کے باب ۲۲ کی تصریحات کی مطابقت میں ایکٹ کے تحت کسی جرم کی اجمالی سماعت کرے گی۔

(۳) اگر عدالت کی رائے یہ ہو کہ جرم کی نوعیت اجمالی سماعت کا جواز فراہم کرتی ہے، تو یہ عدالت مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء کے باب ۲۰ کی تصریحات کی مطابقت میں کارروائی کر سکتی ہے۔"۔

بیان اغراض و وجوہ

یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ ریاست میں قوانین کی عملدرآمد گی کو یقینی بنائے۔ تعلیم کا کسی ریاست کی ترقی میں کلیدی کردار ہوتا ہے۔ مفت اور لازمی تعلیم کا حق ایکٹ، ۲۰۱۲ء قوت سے محروم قانون سازی ہے اور اس چیز کی متقاضی ہے کہ اس میں تعزیری شقات کو شامل کیا جائے تاکہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۲۵/الف پر عملدرآمد کیا جائے۔ سکول بالخصوص نجی سکول غریب بچوں کے دس فیصد کوٹا پر من وعن عملدرآمد نہیں کر رہے۔ مزید برآں، ملک کی ترقی کا انحصار تعلیم کے معیار پر ہوتا ہے۔ معیاری تعلیم صرف بنیادی سہولیات مثلاً بچوں کے لئے نصابی اور غیر نصابی سرگرمیاں، سکول کی عمارت، بجلی، لیبارٹریز، پینے کا پانی، کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہیں۔ بنیادی سہولیات جن کا موجودہ سکولوں میں فقدان ہے، کو سریع انداز پر فراہم کیا جاسکتا ہے تاکہ تمام سکول اور عمارتیں مکمل طور پر فعال ہو جائیں۔ مجوزہ قانون سازی معیاری تعلیم میں تغیر لائے گی اور حکومت کی معاونت کرے گی تاکہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں مفت اور لازمی تعلیم کے ویژن پر عملدرآمد کیا جائے۔

دستخط/-

جناب جیمز اقبال

رکن، قومی اسمبلی